سوال

(539) دین، وطن، سالگرہ کے گیت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قبل ازیں ہم نے آپ سے گانا سننے کے بارے میں استفسار کیا تھا، تو آپ نے جواب دیا تھا کہ عشقیہ گانے حرام ہے، سوال یہ ہے دین، وطن، بچوں نے سالگرہ کے گیتوں کے بارے میں کیا حکم ہے، یادرہے کہ یہ گیت خواہ ریڈیو سے نشر کیے جائے یا ٹی وی سے ان کے ساتھ ساز ضرور ہوتا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ساز مطلقا حرام ہے، اور دین، وطن، اور بچوں کے گیت ساز کے ساتھ ہوں تو حرام ہیں، جہاں تک سالگرہ کی تقریبات کا تعلق ہے تو یہ بدعت ہے، اور اس میں حاضری اور شرکت حرام ہے۔ ساز کے ساتھ گائے جانے والے گانوں اور گیتوں کے حرام ہونے کی دلیل نبیﷺ کا یہ ارشاد مبارک ہے۔

لیکونن من امتی اقوام یستحلون الحر، والحریر۔ والخمر، والمعازف۔ "[صحیح بخاری، الاشربۃ، باب ما جاء فیمن یستحل الخمر ویسمیہ بغیر اسمہ، ح: ۵۵۹۰]

''میری امت میں کچھ لوگ ایسے بھی ہونگے جو زنا، ریشم، شراب اور آلات موسیقی کو حلال سمجھیں گے۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے، علاوہ ازیں اس موضوع سے متعلق اور بھی بہت سی احادیث ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص411